08/12/2021

پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ

نیشنل مشن آن ایگریکلچر ایکسٹنشن اینڈ ٹیکنالوجی اسکیم کے تحت ریاستی جز کی رقم 1241.55 لاکھ روپئے منظور

لکھنؤ: ۸/ دسمبر ۲۰۲۱ء-

حکومت اتر پردیش نے نیشنل مشن آن ایگریکلچر ایکسٹنشن اینڈ ٹکنالوجی (این ایم اے ای ٹی) اسکیم کے تحت مرکزی جز کی رقم 1862.32 لاکھ روپئے کے مقابلہ ریاستی جز کی رقم 1241.55 لاکھ روپئے کی منظوری دے دی ہے۔ محکمہ زراعت کے اسپیشل سکریٹری جناب شترو ونجے کمار سنگھ نے یہ اطلاع دیتے ہوئے بتایا کہ اس سلسلہ میں حکم نامہ جاری کردیا گیا ہے۔

جناب سنگھ نے بتایا کہ این ایم اے ای ٹی اسکیم کے تحت 30136.93 لاکھ روپئے کا بندوبست کیا گیا ہے۔ منظور رقم کا خرچ اسی مد میں کیا جائے گا، جس مد میں رقم منظور کی جارہی ہے۔

منظور رقم کا خرچ اسکیم کے لیے حکومت ہند کی ہدایات اور ضابطوں کے مطابق کیا جائے گا۔ جاری حکم نامہ کے مطابق منظور رقم کی نکاسی یک مشت نہ کرتے ہوئے ضرورت کے مطابق کی جائے گی۔

☆☆☆☆☆